**تحفہ رمضان:** ائمہ کرام اور مبلغین حضرات کے لیے

المنبر
MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT

# بیان کے لیے کن موضوعات کا انتخاب ضروری ہے؟

- ✓ منبر و محراب کی آواز کو کس طرح مؤثر ترین بنایا جاسکتا ہے؟
- ✓ 8 ایسے اہم موضوعات جن کے ذریعہ امت کو ہر قسم کی گمراہی اور فتنہ سے بچایا جاسکتا ہے۔
- ✓ 5 ایسے اہم موضوعات جن کے ذریعہ اہل حق کی محنتوں، کوششوں پر اعتماد دلا کر امت کو دینی محنتوں میں اپنا معاون اور دست بازو بنایا جاسکتا ہے۔
- ✓ 8 اہم بیانات جن کے ذریعہ ایک مسلمان کا اپنے اللہ تعالیٰ سے تعلق اچھے سے اچھا اور مضبوط کیا جاسکتا ہے۔
- ✓ 5 موضوعات جن کے ذریعے ایک انسان کا تعلق اللہ کی مخلوق سے بہتر سے بہتر بنایا جاسکتا ہے۔
- ✓ 6 اہم بیانات جن کے ذریعہ سے ایک انسان کی شخصیت میں نکھار پیدا کیا جاسکتا ہے۔

مرتب: مفتی منیر احمد صاحب
استاذ: جامعہ معہد العلوم الاسلامیہ (رجسٹرڈ)
فاضل: جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی

{جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں}

◀ کتاب کا نام : بیان کے لیے کن موضوعات کا انتخاب ضروری ہے

◀ مرتب : مفتی منیر احمد صاحب

◀ طباعت : شعبان 1442ھ اپریل 2021ء

◀ ناشر : المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ)

◀ ای میل : admin@almuneer.pk

◀ ویب سائٹ : almuneer.pk

◀ فیس بک : AlMuneerOfficia

◀ یوٹیوب : AlMuneer

## ملنے کا پتہ

جامعہ معہد العلوم الاسلامیہ

متصل جامع مسجد الفلاح بلاک "H" شمالی ناظم آباد، کراچی

فون نمبر: 0331-2607204 - 0331-2607207

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# تمہیدی بات

اُمتِ مسلمہ کے ایمان وعقیدہ اور عمل کی حفاظت، فتنوں، بدعملی اور لادینی کے سیلاب کی روک تھام کے لیے جامعہ العلوم الاسلامیہ کے فضلاء اور علماء کی راہنمائی کے لیے جامعہ کے اکابرین نے 19 ربیع الاول 1400ھ کو ایک اجلاس منعقد کیا، جس میں کثیر تعداد میں علماء وفضلاء شریک ہوئے۔ اس اجلاس کی صدارت جامعہ کے بزرگ استاذ حضرت مولانا محمد ادریس میرٹھی نوراللہ مرقدہٗ نے فرمائی، مہتمم جامعہ حضرت مفتی احمد الرحمن رحمہ اللہ کے فکر انگیز بیان اور نصائح کے بعد حضرت مولانا محمد بدیع الزمان رحمہ اللہ (ناظمِ دعوت وتبلیغ) نے فضلاء کے لیے عوام میں دینی خدمت بجالانے کے لیے کچھ راہ نما اُصول اور دستور العمل مرتب کرکے پڑھ کر سنایا، جس میں ائمہ اور خطباء کے لیے بھی بہت اہم ہدایات تھیں چونکہ آج بھی اس کی ضرورت وافادیت ویسی ہی ہے جیسے اس وقت تھی، اس غرض سے اس دستورُ العمل میں سے چند اہم ہدایات نقل کی جاتی ہیں فرمایا:

> حضرات علماء کرام اپنے اپنے حلقے میں دین کے پیشوا اور قوم کے مقتدا ہیں، ان کے اس رفیع منصب کے لحاظ سے ان پر بڑی گراں قدر ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، اس لیے ہم سب کا فرض ہے کہ ان عظیم الشان ذمہ داریوں کو پوری طرح محسوس کریں اور ان سے عہدہ برآ ہونے کی تدابیر کریں۔ رسول اللہ ﷺ کی جو امانت ہمارے سپرد کی گئی ہے، اس کے لیے ہم فکرمند ہوں اور اُمت کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے راستے پر لانے کی ہر ممکن کوشش کریں۔
>
> (1) جو حضرات، امامت وخطابت کے فرائض انجام دے رہے ہیں، انہیں اس بات کی حرص ہونی چاہیے کہ ان کے وجود سے علاقے کے

لوگوں کو زیادہ سے زیادہ دینی نفع پہنچے اور لوگوں کا تعلق مساجد کے ساتھ قائم ہو، اس کے لیے مندرجہ ذیل تدابیر اختیار کی جائیں:

**الف:** جمعہ کے خطبات کیف ما اتفق نہ ہوں، بلکہ اُن کے لیے اہم دینی موضوعات کو ایک خاص ترتیب سے منتخب کیا جائے اور جس موضوع پر خطاب کرنا ہو، اس کے لیے پوری تیاری کی جائے، نیز مؤثر انداز میں موضوع کا حق ادا کیا جائے، خطابت میں ترغیبی پہلو کو غالب رکھا جائے اور بات ایسے جچے تلے انداز میں کی جائے، جس سے نہ صرف بات ذہن نشین ہو جائے، بلکہ سامعین کی فکری وعملی اصلاح بھی ہو۔

**ب:** جیسا کہ سب کو معلوم ہے کہ فرقِ باطلہ اور قدیم وجدید ملحدانہ نظریات میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے، ہم اس کو شدت کے ساتھ محسوس بھی کرتے ہیں، لیکن یا تو اس کی اصلاح کی کوئی تدبیر نہیں کرتے یا ان کا رد ایسے انداز میں کرتے ہیں کہ بجائے لوگوں کے ذہن کو صاف کرنے کے انہیں متنفر کر دیتے ہیں، اس لیے بڑی ضرورت ہے کہ تمام غلط نظریات مثلاً انکارِ وحی، انکارِ ختم نبوت، انکارِ حدیث وسنت، انکارِ عظمتِ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، انکارِ فقہ وفقہاء، کیپٹل ازم، کمیونزم اور لادینیت وغیرہ پر گہری نظر رکھی جائے، ان پر لکھی گئی کتابوں کا مطالعہ کیا جائے اور مثبت انداز میں قوم کے ذہن کی تعمیر کی جائے، تقریر میں کسی خاص فرقے یا نظریے کا نام لیے بغیر وقتاً فوقتاً اصلاح کی جاتی رہے، مثلاً انکارِ حدیث کے فتنہ کی اصلاح مقصود ہو تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاداتِ طیبات کی عظمت اُجاگر کی جائے۔ انکارِ عظمت صحابہ کے فتنہ کی تردید منظور ہو تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فضائل ومناقب والہانہ انداز میں بیان کیے جائیں۔ قادیانیت کی تردید مقصود

ہوتو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ختمِ نبوت کے تقاضے ذہن نشین کرائے جائیں۔اور استخفافِ ائمہَ دین کی اصلاح مقصود ہوتو عظمت فقہ،حضرات ائمہَ اجتہاد کی ہستیوں اوراُن کے احسانات کا مؤثر انداز میں تذکرہ کیا جائے،وعلی ہذا۔

چنانچہ حضرت کی ان ہدایات کے مطابق اگر ہمارے منبر ومحراب سے مندرجہ ذیل 8 موضوعات پر بیانات ہوتے رہیں تو امت کو ہر قسم کی گمراہی اور فتنے سے بچایا جاسکتا ہے:

(1)اللہ تعالی کے حکم میں کامیابی پر اعتماد (2)عقل کے بجائے وہیں پر اعتماد

(3)ختم نبوت پر اعتماد(4)حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں میں کامیابی پر اعتماد

(5)حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیثوں پر اعتماد

(6)صحابہ کرام پر اعتماد کہ صحابہ شریعت کی امانت امت کو منتقل کرنے میں امین ہیں

(7)فقہ اور فقہائے کرام پر اعتماد (8)علماء کرام پر اعتماد

پھر پانچ ایسے اہم موضوعات ہیں کہ اگر ہمارے منبر ومحراب سے سے موثر انداز میں ان کو بیان کیا جاتا رہے تو اس کے ذریعے ہم اہل حق کی محنتوں کوششوں پر اعتماد دلا کر امت کو دینی محنتوں میں اپنا دست باز واور معاون بنا سکتے ہیں وہ پانچ موضوعات یہ ہیں:

(1)مدارس کی اہمیت ضرورت (2)دعوت وتبلیغ کی اہمیت ضرورت

(3)تصوف کی اہمیت ضرورت (4)اسلام کا نظریہ سیاست

(5)اسلام کا نظریہ جنگ وجہاد

پھر آٹھ موضوعات ایسے ہیں ہیں کہ جن کے ذریعے ایک مسلمان کا اپنے اللہ تعالی سے تعلق بہتر سے بہتر بنایا جاسکتا ہے:

(1)نماز نماز مسجد کی آبادی کی اہمیت (2)روزے کی اہمیت

(3)زکوۃ صدقہ خیرات کی اہمیت (4)قران کریم کی اہمیت

(5)ذکر ودعا کی اہمیت (6)عبادات قلبیہ خوف وامید،صبر وشکر،محبت ونفرت

(7) گناہ اور اس کے نقصانات (8) توبہ واستغفار

اور پانچ موضوعات ایسے ہیں جن کے ذریعے ایک انسان کا تعلق اللہ کی مخلوق سے بہتر سے بہتر بنایا جاسکتا ہے:

(1) والدین کے حقوق (2) بیوی کے حقوق

(3) تربیت اولاد (4) باہمی تعلقات اور نبوی تعلیمات

(5) معاملات کی صفائی امانت سچائی

چھ موضوعات ایسے ہیں جن کے ذریعے سے فرد کی ذاتی شخصیت میں نکھار پیدا کیا جاسکتا ہے:

(1) حیا پاکدامنی عفت (2) کامیاب وژن منظم زندگی جان مال وقت کا صحیح استعمال

(3) صحت (4) مایوسی ڈپریشن وغیرہ کا علاج اسباب

(5) مسلمان کی تین بڑی ذمہ داریاں دین سیکھنا دین پر عمل کرنا دین پھیلانا

(6) ایک مسلمان اپنی زندگی کیسے گزارے۔

پھر بیانات کے موضوعات کے انتخاب میں یہ بھی ضروری ہے ہے کہ موقع محل کی بھی اس میں رعایت کی جائے مثلاً اگر رمضان ہے تو:

(1) ایک مسلمان رمضان کیسے گزارے

(2) شب قدر اعتکاف کے عنوانات بھی ہوں۔

مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر میں ہے:

**ويُعَلِّمُ فِي الخُطْبَةِ تَكْبِيرَ التَشْرِيقِ والأُضْحِيَةَ لِأَنَّها شُرِعَتْ لِتَعْلِيمِ أَحْكامِ الوَقْتِ هَكَذا ذَكَرُوا مَعَ أَنَّ تَكْبِيرَ التَشْرِيقِ يَحْتاجُ إلى تَعْلِيمِهِ قَبْلَ يَوْمِ عَرَفَةَ لِلْإتْيانِ بِهِ فِيهِ فَيَنْبَغِي أَنْ يُعَلِّمَ فِي خُطْبَةِ الجُمُعَةِ الَّتِي يَلِيها العِيدُ ولَمْ أَرَهُ مَنقُولًا والعِلْمُ أمانَةٌ فِي أَعْناقِ العُلَماءِ كَما فِي البَحْرِ۔**

اگر کسی کے لیے کسی خاص موضوع پر موثر انداز میں بات کرنا مشکل ہو تو یہ بھی کیا

جا سکتا ہے کہ جو علماء کرام اس موضوع پر اچھی بات کر سکتے ہوں، اختصاصیت کا درجہ رکھتے ہوں تو اپنی مسجد میں ان کو دعوت دی جائے اور ان سے اس موضوع پر بات کرائی جائے۔

اسی مقصد کے لئے بیانات کے عنوان کے سامنے تاریخ دن وقت کا خانہ دیا گیا ہے جن حضرات سے وقت لیا جائے تو تاریخ دن وقت کو محفوظ کر لیا جائے۔

رمضان المبارک میں فجر کی نماز کے بعد یا اتوار کے دن ظہر کے بعد یا طاق راتوں میں تراویح کے بعد اسی طرح جمعہ کے بیانات میں حسب ضرورت موضوعات پر بیان کروائے جا سکتے ہیں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالی ہم سب کو غم، فکر، حکمت، بصیرت اور اخلاص کے ساتھ کام کرنے کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین

بندہ:

منیر احمد

جامعہ معہد العلوم الاسلامیہ کراچی

# بیان کے لیے کن موضوعات کا انتخاب ضروری ہے؟

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (1) اللہ تعالیٰ کے حکموں میں کامیابی پر اعتماد | | | |
| | ✓ کامیاب زندگی ہوتی کیا ہے؟<br>✓ کامیاب زندگی کیلئے اللہ تعالیٰ کی رضا کیوں اور کتنی ضروری ہے؟<br>✓ حکموں پر چلنے والوں کو کس شکل میں کامیابیاں ملتی ہیں؟<br>✓ حکموں میں کامیابی نظر کیوں نہیں آتی ؟<br>✓ کیا دین پر چلنا بہت مشکل ہے؟<br>✓ جن کے پاس مال ودولت بہت وہ پریشان کیوں ؟<br>✓ ہماری پریشانیوں کے حقیقی اسباب کیا ہیں؟<br>✓ اپنی مرضی کی زندگی گزارنے والوں کو کس کس شکل میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟ | | |

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (2) عقل کے بجائے وحی پر اعتماد | | | |
| | ✓ علم کے 3 ذرائع کیا ہیں؟<br>✓ کیا دینی باتوں کو عقل سے پرکھنا اور اس کے صحیح یا غلط ہونے کے لیے عقل کو معیار بنانا صحیح ہے اگر نہیں تو کیوں؟<br>✓ علم وحی اور علم عقلی میں ٹکراؤ ہو تو ہمیں کیا کرنا چاہئے؟ ✓ قرآن وحدیث میں جو علم کے فضائل آئے ہیں ان سے کونسا علم مراد ہے؟<br>✓ دنیاوی علوم حاصل کرنا کن شرائط کے ساتھ جائز ہے؟ | | |

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (3) ختم نبوت | | | |

- ✓ ختم نبوت کا معنی، مفہوم؟
- ✓ عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت قرآن وحدیث اور صحابہ کے طرز عمل سے۔
- ✓ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نبوت کے جھوٹے مدعیوں کہ متعلق کیا کیا پیشن گوئیاں فرمائیں اور ان کا ظہور کب اور کس طرح ہوا اور صحابہ نے ان کے ساتھ کیا برتاؤ کیا۔
- ✓ قادیانیت کی ابتداء کب ہوئی ان کے کتنے فرقے ہیں اور ان میں آپس میں کیا اختلافات ہیں
- ✓ تحریک ختم نبوت اور علماء کرام کا کردار، قادیانیت اور پاکستان کا آئین۔
- ✓ مسلمانوں کو قادیانیوں کے ساتھ کیا رویہ اختیار کرنا چاہئے؟

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (4) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں میں کامیابی پر اعتماد | | | |

- ✓ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کی اتباع کیوں ضروری ہے؟
- ✓ اتباع سنت کی اہمیت۔
- ✓ اتباع سنت کی برکات، فضائل۔
- ✓ ترک اتباع کے نقصانات۔
- ✓ سنتوں کو اپنی عملی زندگی میں لانے کا طریقہ۔
- ✓ بدعت کسے کہتے ہیں۔
- ✓ بدعت کی پہچان کے اصول، علامت۔
- ✓ حدیث اور سنت میں فرق

<table>
<tr><th>موضوع</th><th>مبین</th><th>تاریخ اور دن</th><th>وقت</th></tr>
<tr><td rowspan="2">(5) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیثوں پر اعتماد</td><td></td><td></td><td></td></tr>
<tr><td colspan="3">✓ حدیث کی اہمیت اور اس کا صحیح مقام<br>✓ کیا احادیث نبویہ تیسری صدی میں لکھی گئیں؟<br>✓ کسی بات کے محفوظ ہونے کے کتنے طریقے ہیں اور حدیث کی حفاظت کتنے طریقوں سے ہوئی؟<br>✓ تدوین حدیث کی تاریخ<br>✓ ام تاریخ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث میں کیا فرق ہیں<br>✓ محدثین اور ان کے کارنامے</td></tr>
</table>

<table>
<tr><th>موضوع</th><th>مبین</th><th>تاریخ اور دن</th><th>وقت</th></tr>
<tr><td rowspan="2">(6) صحابہ کرام پر اعتماد، صحابہ شریعت کی امانت منتقل کرنے میں امین ہیں</td><td></td><td></td><td></td></tr>
<tr><td colspan="3">✓ صحابیت کا مطلب ومصداق<br>✓ صحابہ کرام کے فضائل، مناقب اور حقوق<br>✓ صحابہ کرام کے احسانات، قربانیاں<br>✓ صحابہ کرام سے محبت کے تقاضے<br>✓ صحابہ کرام کے باہمی اختلافات میں ہمیں کیا کرنا چاہئے؟<br>✓ صحابہ کرام کی اتباع کیوں ضروری ہے؟<br>✓ اہل بیت کا مطلب، مصداق<br>✓ اہل بیت کے فضائل ومناقب اور حقوق</td></tr>
</table>

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (7) فقہ اور فقہائے کرام پر اعتماد | | | |

- ✓ فقہ کسے کہتے ہیں؟ ✓ کیا فقہ قرآن وحدیث کے خلاف ہے؟
- ✓ کیا حضور کے دور میں فقہ تھی؟ ✓ کیا فقہاء شریعت سازی کرتے ہیں؟
- ✓ قرآن ایک رسول ایک پھر فقہ چار کیسے ہوگئیں؟ ✓ ہم محمدی ہیں یا حنفی شافعی؟
- ✓ فقہاء ائمہ، امام ابوحنیفہؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمد بن حنبلؒ کے کارنامے

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (8) علماء پر اعتماد | | | |

- ✓ کیا دین کا علم حاصل کرنے کیلئے قرآن وحدیث کا صرف ذاتی مطالعہ کافی ہے؟
- ✓ کیا یہ کہنا صحیح ہے کہ قرآن وحدیث تمام انسانوں کیلئے ہدایت کی کتاب ہے لہذا ہر شخص کو اپنی سمجھ کے مطابق فائدہ اٹھانے کا حق حاصل ہے اس کی تفسیر وتشریح پر علماء کی اجارہ داری قائم نہیں کی جاسکتی؟
- ✓ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ بھئی ہم تو سب کو سنتے ہیں سب کے پاس بیٹھتے ہیں کیا یہ کہنا صحیح ہے؟ دین کی بات کہنے والا جو بھی ہو جیسا بھی ہو اس کو پڑھا سنا جاسکتا ہے یا کچھ شرائط بھی ہیں؟
- ✓ علماء کے آپس کے اختلافات کی وجہ سے یہ کہنا کہ سب غلط ہیں سب کو چھوڑ دو یہ صحیح ہے؟ نیز مولوی متفق ہو جائیں سب ٹھیک ہو جائے یہ کہنا کیسا ہے؟
- ✓ دین وشریعت میں کن لوگوں کا علم قابل اعتماد نہیں؟ اہل اور نااہل کو ایک عام آدمی کیسے پہچانے وہ کیا نشانیاں اور علامات ہیں جو کسی میں پائی جائیں تو اس کو دینی پیشوا اور استاد کا درجہ نہیں دیا جاسکتا؟
- ✓ کیا علماء سائنسی ترقی میں رکاوٹ ہیں؟ زمانہ کے حالات سے بے خبر ہیں؟ کیا علماء میں ملک چلانے کی اہلیت نہیں؟
- ✓ کیا علماء معاشرے پر بوجھ ہیں، یہ کہنا کہ محنت مزدوری کر کے اپنا پیٹ کیوں نہیں پالتے؟ معاشرے کی کوئی مفید خدمت کیوں نہیں انجام دیتے؟

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (9) مدارس | | | |
| | ✓ مدارس کی ضرورت، اہمیت<br>✓ مدارس نے ہمیں کیا دیا؟<br>✓ مدارس اور ان کے عالمی اثرات وثمرات<br>✓ اگر یہ مدارس نہ ہوتے<br>✓ پاکستانی مدارس خصوصیات، امتیازات<br>✓ مدارس اور ہمارے کرنے کے کام<br>✓ کیا مدارس معاشرے پر بوجھ ہیں؟<br>✓ محلہ کے مدارس اور اہل محلہ کی ذمہ داریاں | | |

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (10) دعوت وتبلیغ | | | |
| | ✓ دعوت وتبلیغ کی ضرورت، اہمیت، فضیلت، فوائد اور ثمرات<br>✓ دعوت وتبلیغ کے چھوڑنے کے نقصانات<br>✓ دعوت وتبلیغ کی ہر مسلمان کے لیے آسان شکلیں، لائحہ عمل، طریقہ کار<br>✓ دعوت وتبلیغ کے عالمی اثرات وثمرات<br>✓ بہترین امت اور اس کی ذمہ داریاں | | |

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (11) تصوف | | | |
| | ✓ مصوف وطریقت، پیری مریدی کی شرعی حیثیت کیا ہے؟<br>✓ کیا بیعت ہونا ضروری ہے؟<br>✓ اصلاح باطن کے لیے کس سے بیعت ہونا چاہئے۔<br>✓ شیخ کامل کی علامات کیا ہیں؟<br>✓ کیا پیری مریدی صرف پیسے کمانے کا ایک دھندا ہے؟ | | |

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (12) اسلام کا نظریہ سیاست | | | |
| | ✓ کیا دین اور سیاست دو الگ الگ چیزیں ہیں؟<br>✓ اسلامی سیاست کے خدوخال<br>✓ اسلام میں سیاست کا مقام<br>✓ سیاسی، غیر سیاسی علماء کی تقسیم کتنی صحیح کتنی غلط؟ | | |

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (13) اسلام کا نظریہ جہاد | | | |
| | ✓ کیا کوئی معاشرہ قانون جنگ و جہاد کے تصور کے بغیر اپنی حقیقی ضروریات کی تکمیل کرسکتا ہے؟<br>✓ قوت کا استعمال اگر قانونی واخلاقی حدود وقیود کے ساتھ ہو تو بھی بری چیز ہے؟<br>✓ جہاد کا مقصد اور علت کیا ہے؟<br>✓ کیا جہاد کیلئے کوئی شرائط بھی ہیں؟ | | |

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (14) عبادت/نماز/مسجد کی آبادی | | | |

- ✓ عبادت کسے کہتے ہیں اور اس کی کیا اہمیت ہے؟
- ✓ بحیثیت عبادت نماز کی اہمیت اور اس کے فضائل
- ✓ عبادت نماز اور مسجد کا تعلق ✓ اشاعت اسلام میں مسجد کا کردار
- ✓ مسجد کے آداب واحکام

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (15) روزہ | | | |

- ✓ روزہ کے فضائل وفوائد، حکمتیں
- ✓ سحری، افطاری کی فضلیت، وقت کوتاہیاں
- ✓ روزے کے حقوق مقاصد ✓ روزے کی سنتیں، آداب
- ✓ روزہ کیسے آسان ہو؟ ✓ روزے اور ہماری کوتاہیاں
- ✓ روزے، رمضان کا مقصد کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ ان روزوں کے ذریعہ ہم سے چاہتے کیا ہیں؟

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (16) زکوٰۃ/خیرات | | | |

- ✓ زکوٰۃ کی اہمیت، فوائید، حکمتیں اور نہ دینے کے نقصانات؟
- ✓ زکوٰۃ کی ادائیگی کیلئے کونسی چیزیں شرط ہیں؟
- ✓ زکوٰۃ کس پر، کس مال پر، کس وقت فرض ہے؟
- ✓ زکوٰۃ فرض ہونے کے بعد کب معاف ہوجاتی ہے؟
- ✓ زکوٰۃ میں کیا اور کتنا دیا جا سکتا ہے؟

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (17)قرآن کریم | | | |

- ✓ قرآن کریم کے فضائل، ثمرات وبرکات
- ✓ قرآن کریم کے حقوق
- ✓ قرآن کریم کی تعلیم اوراس کی اہمیت
- ✓ بچوں کوقرآن کریم معیاری تعلیم کیسے دی جائے؟
- ✓ قرآن کریم اوراس کے سیکھنے میں ہماری کوتاہیاں
- ✓ خواتین کے لیے قرآن کریم درست کرنے کے مواقع
- ✓ ایک مصروف مسلمان اپنی تجوید کیسے درست کرسکتا ہے؟
- ✓ قرآن کریم کی تلاوت کے مسنون معمولات
- ✓ قرآن کریم کی اشاعت میں کیسے حصہ لیا جاسکتا ہے؟

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (18)ذکرودعا | | | |

- ✓ ذکرودعا کی فضیلت واہمیت
- ✓ مسنون اذکاراوراس کے ثمرات
- ✓ دعامیں کیامانگنا چاہئے؟ کیانہیں مانگنا چاہئے؟
- ✓ کیسے مانگنا چاہئے؟ کیسے نہیں مانگنا چاہئے؟
- ✓ کن کے لیے مانگنا چاہئے؟
- ✓ کن لوگوں سے دعا کی درخواست کرنا چاہئے؟
- ✓ کب، کن اوقات اورکن احوال میں مانگنا چاہیے؟
- ✓ دعامانگنے کاطریقہ
- ✓ معمولات دعاواذکار

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
| --- | --- | --- | --- |
| (19) عبادات قلبیہ | | | |
| | ✓ قلبی عبادات کیا ہیں؟<br>✓ خوف، امید، صبر، شکر، محبت ونفرت کسے کہتے ہیں؟<br>✓ روح کی بیماریاں اور ان کا علاج<br>✓ اخلاق باطنی سیکھنے کا حکم<br>✓ اچھے بُرے اخلاق اور مسنون دعائیں | | |

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
| --- | --- | --- | --- |
| (20) گناہ اور اس کے نقصانات | | | |
| | ✓ گناہوں کے انسانی زندگی پر کیا کیا اثرات ہوتے ہیں؟<br>✓ گناہوں سے بچنے کی تدابیر<br>✓ کبیرہ گناہ کیا ہیں؟<br>✓ 21 بڑے گناہ جن کی وجہ سے قوموں پر عذاب آتے ہیں | | |

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
| --- | --- | --- | --- |
| (21) توبہ واستغفار | | | |
| | ✓ توبہ میں ٹال مٹول کرنے کی 4 وجوہات ان کا علاج<br>✓ توبہ پر استقامت کا طریقہ<br>✓ سچی توبہ کرنے والوں کے واقعات<br>✓ توبہ کی حقیقت، ثمرات، شرائط اور طریقہ | | |

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (22) والدین کے حقوق | | | |

- ✓ والدین اللہ تعالیٰ کی کتنی بڑی نعمت ہیں؟
- ✓ والدین کو ستانے، اذیت دینے اور ان کی نافرمانی کی مروجہ شکلیں اور ان کا انجام
- ✓ والدین کو خوش رکھنے، ان کی خدمت کرنے کی مروجہ شکلیں اور ان کے فائدے
- ✓ والدین کی اطاعت و فرمانبرداری کی حدود اور قیود
- ✓ والدین کی زندگی اور ان کے انتقال کے بعد ان کے حقوق

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (23) بیوی کے حقوق | | | |

- ✓ بیوی کے حقوق سے متعلق نبوی تعلیمات
- ✓ شوہر کی ذمہ داریاں اور اس میں کوتاہی کی مروجہ شکلیں اور اس کے نقصانات
- ✓ شوہر کی طرف سے پیدا ہونے والے جھگڑوں کے بنیادی اسباب

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (24) تربیت اولاد | | | |

- ✓ اولاد رحمت ہے اسے زحمت نہ بننے دیں۔
- ✓ بچوں کی تربیت کیسے کریں؟
- ✓ بچوں کو نماز کا عادی کیسے بنائیں؟
- ✓ بچوں کو بری عادات سے کیسے بچائیں؟
- ✓ بچوں کو معاشرے کا اک اچھا شہری کیسے بنائیں؟
- ✓ بچوں میں ماں باپ کی خدمت کا شوق کیسے پیدا کریں؟
- ✓ بچوں کو سچ بولنے کا عادی اور جھوٹ سے نفرت کیسے دلوائیں؟

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (25)باہمی تعلقات اور حضور ﷺ کی تعلیمات | | | |

- رشتے اور تعلقات نبھانے کی اہمیت فضیلت ،فوائد، برکات
- تعلقات کی خرابی سے دنیا وآخرت میں کیا کیا نقصانات ہوتے ہیں
- جھگڑوں ،تعلقات کی خرابی کے عمومی اسباب کیا کیا ہیں؟
- مخصوص جھگڑوں (مالی/ خاندانی ) کے مخصوص اسباب کیا کیا ہیں؟
- دوسروں کی غلطیوں پر جذباتی ردعمل کے نقصانات
- انسان کا دوسروں کی غلطیوں پر جذباتی ردعمل کیوں ہوتا ہے؟
- ازدواجی زندگی میں رنجشیں لڑائی جھگڑے جدائی پیدا کرنے والی بری عادتیں رویئے
- شوہر اور بیوی کی طرف سے پیدا ہونے والے جھگڑوں کے بنیادی اسباب
- میاں بیوی اور خاندانی اختلافات ،تنازعات کے حل کے لیے رہنما اصول ،طریقہ کار

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (26)معاملات کی صفائی ،امانت اور سچائی | | | |

- حلال کی برکتیں ،حرام کی نحوستیں
- شرعی ہدایات تجارت میں رکاوٹ یا باعث ترقی
- حرام کی مروجہ شکلیں
- مال ودولت کے باوجود بےسکونی کیوں؟
- جھوٹ ،غلط بیانی ،دھوکہ ،خیانت کی مروجہ شکلیں
- کیا اپنے شعبہ کا علم سیکھے بغیر حرام سے بچنا ممکن ہے؟
- مالی تنازعات کیوں ہوتے ہیں؟
- مالی معاملات اور اخلاقی تعلیمات

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (27) حیاء، پاکدامنی، عفت، حجاب | | | |

- ✓ حیاوشرم کی حقیقت، فضیلت، ضرورت واہمیت
- ✓ جدید روپ میں قدیم شیطانی ہتھکنڈے
- ✓ پاکدامنی کے انعامات اور بے حیائی کے نقصانات
- ✓ مقدس رشتے جنسی درندگی کیونکر بنے ہیں؟
- ✓ اسلام کا نظام عفت و پاکدامنی
- ✓ تہذیب جدید اور آزادی نسواں کا فریب
- ✓ اپنے بچوں کو باحیا کیسے بنائیں؟

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (28) وژن، منظرِ زندگی، جان، مال، وقت کا صحیح استعمال | | | |

- ✓ کیا آپ کی زندگی کا کوئی واضح وژن ہے؟
- ✓ کیا آپ نے کبھی اپنی زندگی کے وژن پر غور کیا ہے؟
- ✓ کیا آپ کی زندگی کے مقاصد اونچے ہیں یا نہیں؟
- ✓ اونچے مقاصد کون سے ہیں؟
- ✓ اعتدال کی زندگی کیسی گزاریں؟
- ✓ زندگی میں بے اعتدالیوں سے کیسے بچیں؟
- ✓ کن بے اعتدالیوں سے ہم کامیاب وژن میں ناکام ہوسکتے ہیں؟

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (29) صحت | | | |

- ✓ صحت کی اہمیت شریعت کی نظر میں؟
- ✓ صحت بڑی نعمت ہے
- ✓ صحت مند زندگی کیوں ضروری ہے
- ✓ کون سے عوامل اور عناصر صحت کو متاثر کرتے ہیں؟
- ✓ صحت مند زندگی گزارنے کے قیمتی اصول

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
| --- | --- | --- | --- |
| (30) پریشانیوں کا حل/ اسباب پریشانی | | | |
| | ✓ مصیبتوں، پریشانیوں سے بچانے والے قرآن وحدیث میں بتائے گئے 8 زبردست مجرب اعمال اور وظائف<br>✓ ڈپریشن، ٹینشن، انزائیٹی کسے کہتے ہیں اور ان میں کیا فرق ہے؟<br>✓ مایوسی ٹینشن ڈپریشن اور انزائیٹی کے نقصانات کیا ہیں؟<br>✓ معاشرے میں مایوسی ٹینشن ڈپریشن اور انزائیٹی کی بڑھتی شرح فیصد کی وجوہات اور اسباب کیا ہیں؟<br>✓ مایوسی، ٹینشن اور ڈپریشن سے کیسے بچا جاسکتا ہے؟<br>✓ مایوسی ٹینشن، ڈپریشن اور انزائیٹی کا قرآن وسنت کی روشنی میں ٹھوس حل کیا ہیں؟ | | |

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
| --- | --- | --- | --- |
| (31) مسلمان کی تین ذمہ داریاں | | | |
| | ✓ مسلمان کی تین ذمہ داریاں دین سیکھنا، دین پر عمل کرنا، دین سیکھانا<br>✓ ایک مشغول ومصروف مسلمان کیلئے دین سیکھنے کی آسان شکلیں<br>✓ ایک مشغول ومصروف مسلمان کیلئے دین سیکھانے/ پھیلانے کی آسان شکلیں | | |

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
| --- | --- | --- | --- |
| (32) ایک مسلمان زندگی کیسے گزارے؟ | | | |
| | ✓ شب وروز کے مسنون اعمال<br>✓ حضرت تھانویؒ کے تلقین کردہ 40 اعمال اور عادتیں<br>✓ عبادات اور معمولات پر استقامت کے طریقے | | |

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (33) ایک مسلمان رمضان کیسے گزارے | | | |

✓ رمضان کے مسنون معمولات سحری سے سحری تک
✓ رمضان کے معمولات کو کس طرح منظم کیا جائے؟
✓ رمضان میں کیا کیا اعمال کب کس طرح کیے جائیں؟
✓ عبادات کا جذبہ شروع رمضان سے آخیر تک باقی رہے، بڑھتا رہے اس کے لیے کیا کرنا ہے
✓ عبادات، کام کاج، حقوق اور ذمہ داریوں میں اعتدال کس طرح برقرار رہے؟

| موضوع | مبین | تاریخ اور دن | وقت |
|---|---|---|---|
| (34) شب قدر اور اعتکاف | | | |

✓ شب قدر کیا ہے؟ حقیقت، فضیلت
✓ طاق راتوں میں عبادات کیسے کریں؟
✓ شب قدر اور ہماری کوتاہیاں
✓ اعتکاف کو کیسے قیمتی بنایا جا سکتا ہے؟
✓ اعتکاف کتنا آسان اور کتنا مشکل؟
✓ خواتین کے لیے اعتکاف کا طریقہ
✓ اعتکاف کی حقیقت، فضیلت، مقصد

ادارہ: المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ)
پتہ: D-7، بلاک ''B'' نارتھ ناظم آباد کراچی، نزد لائف لائن ہسپتال
ویب سائٹ: almuneer.pk
یوٹیوب: Youtube.com/almuneer
فیس بک: almuneerofficial
واٹس ایپ: +92-331-2607204

# {مفتی منیر احمد صاحب مدظلہ کی تالیفات ورسائل}

| نمبر شمار | کتاب | نمبر شمار | کتاب |
|---|---|---|---|
| 1 | فہم ایمانیات | 19 | فہم جمعۃ المبارک |
| 2 | فہم محرم الحرام کورس | 20 | حلال وحرام رشتوں کی پہچان کے رہنما اصول |
| 3 | فہمِ صفر کورس | 21 | شادی مبارک |
| 4 | فہمِ شعبان کورس (شبّ براءت) | 22 | کامیاب گھرداری |
| 5 | فہمِ زکوٰۃ کورس | 23 | بیٹی مبارک ہو |
| 6 | فہمِ رمضان کورس | 24 | جذباتی رویوں سے ایسے بچیں |
| 7 | فہمِ حج وعمرہ کورس | 25 | سیرت کوئز لیول 1 |
| 8 | فہمِ قربانی کورس | 26 | سیرت کوئز لیول 2 |
| 9 | فہم دین کورس | 27 | حقوق مصطفی ﷺ |
| 10 | فہمِ طہارت کورس | 28 | حدیث اور اُس کا درجہ کیسے پہچانیں |
| 11 | فہمِ نماز کورس | 29 | ڈیپریشن، اسٹریس کے اسباب اور اُن کا حل |
| 12 | فہم حلال وحرام کورس | 30 | مالی معاملات اور اخلاقی تعلیمات |
| 13 | فہم مسائل حیض ونفاس | 31 | مالی معاملات اور شرعی تعلیمات |
| 14 | سخت بیماریوں، پریشانیوں کا یقینی علاج | 32 | مالی تنازعات اور ان کا حل |
| 15 | توبہ | 33 | فہم میراث |
| 16 | استخارہ | 34 | آسان علم النحو |
| 17 | مسنون اذکار | 35 | علم دین اور اس کے سیکھنے سکھانے کا صحیح طریقہ |
| 18 | فہم نکاح وطلاق | 36 | طبی اخلاقیات |